# ایس ایچ ای-ایل ای اے پی ایس: لکھپتی دیدیز کو ڈیجیٹل طور پر بااختیار بنانا

## خواتین کی قیادت والے ایس ایچ جی کاروباری اداروں کے لیے ڈیٹا سے چلنے والی ترقی کو فعال بنانا

### ڈیجیٹل طور پر بااختیار بنانے کے ذریعے دیہی روزی روٹی میں یکسر تبدیلی لانا

ایس ایچ ای-ایل ای اے پی ایس کا مطلب اپنی مددآپ گروپوں کاروباری ادارے-لائیولی ہڈ اور انٹرپرائز ایپلی کیشن برائے خوشحالی اور پائیداری ہے ۔ یہ پورے دیہی ہندوستان میں اپنی مدد آپ گروپوں (ایس ایچ جیز) سے وابستہ خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے ایک ڈیجیٹل پلیٹ فارم ہے ۔ مذکورہ انٹرپرائز تخلیق اور کارکردگی سے باخبر رہنے کے لیے ایک متحد پلیٹ فارم کے ذریعے پورا کیا جا رہا ہے ۔ (ایس ایچ ای -ایل ای اے پی ایس) یعنی شی لیپس دیہی خواتین کے لیے روزی روٹی پیدا کرنے ، کاروباری ترقی اور مالی شمولیت میں معاون ہے ۔ یہ زرعی اور غیر زرعی دیہی کاروباری اداروں دونوں میں ہی معاونت فراہم کرتا ہے جس کا مقصد ایک مضبوط اور زیادہ پائیدار دیہی معیشت کی تشکیل کرنا ہے ۔

شکل 1: ایس ایچ ای-ایل ای اے پی ایس( شی-لیپس)کا لوگو

ایس ایچ ای-ایل ای اے پی ایس (شی-لیپس) موبائل ایپلی کیشن کو ڈیجیٹل انڈیا کارپوریشن نے تیار کیا ہے ، اور اسے لوکوس پلیٹ فارم کے تحت نافذ کیا گیا ہے ۔ لوکوس ایک ڈیجیٹل نظام ہے جسے پورے ہندوستان میں کمیونٹی پر مبنی تنظیموں (سی بی اوز) کی سرگرمیوں کو دیکھنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے ۔ ان میں ایس ایچ جیز ، دیہی تنظیمیں ، اور کلسٹر لیور فیڈریشن شامل ہیں ۔ لوکوس سی بی او کی

سرگرمیوں کو ڈیجیٹائز کرنے میں مدد کرتا ہے جس میں ممبر ریکارڈ ، مالی لین دین ، اور روزی روٹی کے ریکارڈ کو برقرار رکھنا ، اور کنورجنس اقدامات شامل ہے۔

شی-لیپس کا **آغاز 29 جون 2026 کو نئی دہلی میں منعقدہ راشٹریہ گرامین وکاس سمیلن میں کیا گیا تھا ۔ اس دو روزہ کانفرنس نے ، جس کا موضوع 'گرامودیہ سے راشٹرودیا'** ہے ، دیہی ترقی کی بڑی اسکیموں کے نفاذ اور پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ حکومت کے 'وکست گرام وکست بھارت' کے وژن کو عملی جامہ پہنانے کے لیے حکمت عملی وضع کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی ۔

شی-لیپس کا ملک گیر رول آؤٹ

شی-لیپس مندرجہ ذیل مقاصد کو پورا کرنے پر مرکوز ہے:

- ملک بھر میں دیہی ایس ایچ جی خواتین کاروباریوں کو بااختیار بنانا ۔
- دیہی علاقوں میں خواتین کی قیادت والے کاروباری اداروں کی تشکیل اور انہیں مضبوط بنانا ۔
- دیہی پروڈیوسروں کو رسمی ویلیو چینز کے ساتھ مربوط کرنا ۔
- ایس ایچ جی گھرانوں کی مالی شمولیت کو بڑھانا ۔
- ڈیٹا پر مبنی دیہی صنعت کاری کو فعال کرنا ۔

شی-لیپس کو 34 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں نافذ کیا جائے گا ۔ یہ منتخب ریاستوں/مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں ریاستی دیہی روزی روٹی مشنوں میں مدد فراہم کرے گا ۔ یہ پلیٹ فارم ریئل ٹائم انٹرپرائز ڈیٹا حاصل کرتا ہے ، اس طرح دیہی اقتصادی سرگرمیوں میں مرئیت کو بہتر بناتا ہے ۔ اس طرح یہ نظام متعدد سطحوں پر نگرانی کو بھی مضبوط کرتا ہے ۔ اس کے نتیجے میں یہ مقامی اور قومی فیصلہ سازی دونوں میں ہی معاونت فراہم کرے گا ۔

## انٹرپرائز ڈیولپمنٹ کے لیے ڈیجیٹل خدمات

شی-لیپس تمام شعبوں میں ریئل ٹائم آپریشنل ڈیٹا حاصل کرتا ہے اور روزی روٹی کے مکمل سفر کا پتہ لگاتا ہے ۔ پلیٹ فارم پروفائل بنانے سے لے کر انٹرپرائز پرفارمنس ٹریکنگ تک ہر مرحلے میں معاون ہے ۔ یہ ڈیجیٹل نگرانی کو مزید مضبوط کرتا ہے ، حکمرانی کو بہتر بناتا ہے ، اور بہتر منصوبہ بندی ، کارروائیوں اور باخبر پالیسی فیصلوں کو قابل بناتا ہے ۔ شی-لیپس موبائل ایپلی کیشن کے ذریعہ پیش کردہ خدمات درذیل ہیں:

## لکھپتی دیدی پہل کو آگے بڑھانا

شی-لیپس آمدنی میں اضافے اور انٹرپرائز کی کارکردگی کا اینڈ ٹو اینڈ ٹریکنگ فراہم کرکے لکھپتی دیدی مشن کو مضبوط کرے گی ۔ حال ہی میں حکومت نے لکھپتی دیدی اسکیم کا ہدف 3 کروڑ سے بڑھا کر 6 کروڑ خواتین کر دیا ہے ۔

حکومت اگلے پانچ برسوں میں لکھپتی دیدیز کو فائدہ پہنچانے کے لیے 10 لاکھ کروڑ روپے جاری کرنے کا بھی ارادہ رکھتی ہے ۔ یہ خواتین کو بااختیار بنانے کے تئیں حکومت کے بڑے عزم کی عکاسی کرتا ہے ۔ اس لیے شی-لیپس موبائل ایپلی کیشن بڑے پیمانے پر انٹرپرائز کی توسیع میں مدد کرنے کے اس منصوبے کا ایک لازمی حصہ ہے ۔

## خواتین کی قیادت والی مضبوط دیہی معیشت کی تعمیر

شی-لیپس ڈیجیٹل بنیادی ڈھانچے ، انٹرپرینیورشپ اور خواتین کو بااختیار بنا کر ڈیجیٹل دیہی تبدیلی کی جانب ایک بڑا قدم ہے ۔ کاروباری ترقی کی حمایت اور مالی شمولیت کو مضبوط بنا کر ، یہ پلیٹ فارم ملک بھر میں لکھپتی دیدی مشن کو بڑھانے میں مدد فراہم کرے گا ۔ یہ جامع اور پائیدار دیہی تبدیلی کا کلیدی محرک بننے کے لیے بھی تیار ہے ۔

حوالہ جات:

دیہی ترقیات کی وزارت

https://lokos.dord.gov.in/home

https://x.com/MoRD_GoI/status/2071507758046916762

https://www.pib.gov.in/PressReleasePage.aspx?PRID=2279029&reg=6&lang=1

الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کی وزارت

https://play.google.com/store/apps/details?id=com.nrlm.gramudyamita&hl=en_IN

*******

ش ح- ش م- خ م

UN-NO-9383